بچوں میں بینائی کے مسائل

چھوٹے بچوں کو اکثر معلوم ہی نہیں ہوتا ہے کہ انہیں بینائی کے مسائل درپیش ہیں۔ انہیں لگتا ہے کہ وہ وہی کچھ دیکھتے ہیں جو دوسرے دیکھ سکتے ہیں۔

والدین کو کبھی کبھار ایسی نشانیاں نظر آتی ہیں کہ ان کے بچوں کو بینائی کا مسئلہ درپیش ہو سکتا ہے۔

کیا آپ کا بچہ:

- TV کے کافی قریب ہو کر بیٹھتا ہے؟
- اس کے سر میں درد ہوتا ہے یا آنکھیں تھک جاتی ہیں؟
- کسی واضح وجہ کے بغیر سرگرمیوں سے احتراز کرتا ہے؟
- اکثر و بیشتر اپنی آنکھیں رگڑتا ہے؟
- ادھ کھلی آنکھوں سے دیکھتا یا دیکھنے کے لیے اپنے سر کو جھکاتا ہے؟
- تیز روشنیوں سے احتراز کرتا ہے؟

اگر آپ کو ان میں سے کوئی بھی نشانی نظر آتی ہے تو:

- اپنے بچے کو معائنہ کے لیے آنکھ کے ڈاکٹر کے پاس لے جائیں۔
- اپنے بچے کو ہر سال آنکھ کے ڈاکٹر کے پاس لے جاتے رہیں، خاص طور پر اگر وہ چشمے لگاتے ہوں۔
- اپنے بچے کو آنکھ کے ڈاکٹر کی ہدایت کے مطابق ان کے چشمے لگانے کی ترغیب دیں۔

NYC Health

Urdu